# سفر میں کسی کے تابع ہونے کے احکام

## سفر میں کسی کے تابع ہونے کے احکام

مسئلہ۴۴۱۔ جو شخص سفر میں کسی اور کےتابع ہو، چاہے تابع ہونا اس کی مرضی سے ہو یا زبردستی ہو تو چنانچہ متبوع ( جس کے تابع ہو) شرعی مسافت تک سفر کرے تو اس کی نماز قصر ہوگیـ

مسئلہ۴۴۲۔ اگر تابع شخص کو معلوم نہ ہو متبوع شرعی مسافت تک جائے گا یا نہیں تو اس سے پوچھنا واجب نہیں ہے اور متبوع پر بھی واجب نہیں ہے کہ تابع کو آگاہ کرے اور جب تک تابع کو متبوع کے مسافت تک جانے کے قصد کا علم نہ ہو اس کی نماز پوری ہوگیـ

مسئلہ۴۴۳۔ اگر تابع سمجھے کہ متبوع مسافت تک جانے کا قصد نہیں رکھتا ہے اور راستے میں متوجہ ہو کہ وہ اس کا قصد رکھتا ہےچنانچہ باقی راستہ ( یک طرفہ یا مجموعی طور پر ) مسافت سے کم ہو تو اس کی نماز پوری ہوگیـ

مسئلہ۴۴۴۔ اگر کسی کو زبردستی کسی جگہ لے جایا جائے چنانچہ جانتا ہو کہ آٹھ فرسخ تک لے جایا جائے گا تو اس کی نماز قصر ہوگیـ